فوری ریلیز کے لیے: 15/6/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

نوجوانوں کی دماغی صحت کے ہنگامی بحران کے درمیان، گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست گیر سماعتی دورے کے نتائج کا اجراء

ریاست نیو یارک میں نوجوانوں کے سماعتی دورے کے بعد، نوجوانوں کی دماغی صحت کے بحران سے نمٹنے کے لیے اقدامات کی تفصیل کے ساتھ خلاصہ رپورٹ جاری

Jacob Javits مرکز میں پہلی بار ریاست نیو یارک سمٹ میں نوجوانوں کی دماغی صحت پر رپورٹ کا اجراء، 1,000 سے زائدہ افراد کی شرکت

ماہرین نے لڑکوں لڑکیوں کی نفسیاتی اور جذباتی مشکلات اور سوشل میڈیا کے اثرات پر پینلز کی قیادت کی

امریکی مراکز برائے انضباطِ امراض کی جانب سے جاری کردہ حالیہ ڈیٹا سے پتہ چلتا ہے کہ 10-24 سال کے درمیان خودکشی کی شرح سنہ 2021 میں 20 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

رپورٹ کا خلاصہ یہاں دیکھیں۔

گورنر Kathy Hochul نے آج اس موسمِ بہار کے آغاز میں ریاست بھر کے علاقوں میں منعقد ہونے والے نوجوانوں کے سماعتی دورے کی خلاصہ رپورٹ کے کلیدی نتائج جاری کیے، جس میں نوجوانوں کی دماغی صحت کے بحران سے بہترین طریقے سے نمٹنے کے طریقے کے متعلق نتائج اور سفارشات دونوں کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ گورنر نے رپورٹ کا خلاصہ نیو یارک سٹی کے Jacob Javits مرکز میں نوجوانوں کی دماغی صحت سے متعلق پہلی نیو یارک سٹیٹ سمٹ میں جاری کیا، جہاں ان کے ساتھ قومی دماغی صحت کے ماہرین، نوجوانوں کے وکلاء اور خدمات فراہم کنندگان، والدین اور دیکھ بھال کرنے والے، قانون نافذ کرنے والے ادارے، تعلیم دان، اور 1,000 سے زائد حاضرین شامل تھے جنہوں نے دماغی صحت کے ان بے مثال چیلنجوں کا جائزہ لیا جن کا سامنا بہت سے نوجوانوں کو کرنا پڑتا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "COVID-19 عالمی وباء کے دوران ہم نے جس تنہائی اور غیر یقینی صورتحال کا تجربہ کیا، اس کا اثر نوجوانوں پر پڑ رہا ہے، جنہوں نے اس غیر مستحکم وقت کے دوران نشوونما کا اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ دماغی صحت کو نظر انداز کرنے اور کم سرمایہ کاری کا دور ختم ہو گیا ہے - اب وقت آگیا ہے کہ ہم اُس تبدیلی کے علمبردار بنیں جس کی ہمارے بچوں کو اس وقت اشد ضرورت ہے۔ مجھے اس تاریخی سربراہی اجلاس کا انعقاد کرنے پر فخر ہے جس میں دنیا کے روشن ترین ذہنوں کو خیالات کا اشتراک کرنے، ہمارے نوجوانوں کے تجربات کو سننے اور اس اہم گفتگو کو آگے بڑھانے کے لیے جمع کیا جا رہا ہے"۔

نوجوانوں کی دماغی صحت پر سمٹ نے قائدین، ماہرین اور خود نوجوانوں کو بلایا تاکہ نوجوانوں کے سماعتی دورے کی رپورٹ کے خلاصے کے نتائج پر تبادلہ خیال کیا جا سکے، جس میں کئی مجموعی موضوعات شامل تھے جیسے کہ:

- عالمی وباء کے اثرات نوجوانوں اور وقت کے ساتھ مختلف ہوتے ہیں۔
- نوجوان سوشل میڈیا کے فوائد اور خطرات اور اس کے صحت مند استعمال میں مدد کے لیے ممکنہ حکمت عملیوں کو سمجھتے ہیں۔
- ساتھیوں کے مابین مثبت تعلقات اور سماجی مہارتوں کو فروغ دینا ایک مشکل کام ہے، اور نوجوان باہمی مہارتوں اور دوستی کی نشوونما میں مدد کے لیے متعدد سکولوں اور علاقائی طریقوں کا مطالبہ کر رہے ہیں۔
- نوجوان رازداری کو بہت اہمیت دیتے ہیں، اور وہ کیوں سمجھتے ہیں کہ خلوت اور رازداری کی خلاف ورزی کی گئی ہے، یہ نوجوانوں کو بالغوں کے ساتھ روابط بڑھانے اور ان سے مدد حاصل مانگنے سے روکتا ہے۔
- نوجوان اُن قابلِ اعتماد بالغوں کے ساتھ دماغی صحت پر بات چیت کو ترجیح دیتے ہیں جو ان جیسے ہیں (عمر، آبادیات کے لحاظ سے) اور بالغوں میں ہمدردی اور ثقافتی حساسیت کی کمی کے مجموعی تاثر کی اطلاع دیتے ہیں۔
- نوجوان دوسرے طلباء و طالبات، اساتذہ اور سکول کی پالیسیوں کے لیے زیادہ احتساب چاہتے ہیں۔

نوجوانوں کے سماعتی دورے کے نتائج اور نوجوانوں کی دماغی صحت پر سمٹ میں ہونے والی بات چیت کی بنیاد پر، نوجوانوں کی کئی سفارشات سامنے آئیں، بشمول:

- تفریح اور دماغی تندرستی کے فروغ کے لیے علاقائی وسائل میں سرمایہ کاری کرنا۔
- سوشل میڈیا کو کھوجنے پر نوجوانوں کی جانچ کردہ تربیت۔
- دماغی صحت کے وسائل میں اضافہ جو کہ مفت/کم لاگت، رازدارانہ، قابلِ احترام، اور ثقافتی طور پر قابل ہیں۔

امریکی مراکز برائے انضباطِ امراض (Centers for Disease Control, CDC) نے آج ہی نیا ڈیٹا جاری کیا جس میں بتایا گیا کہ 10 سے 24 سال کی عمر کے گروپ میں خودکشی کی شرح نہ 2021 میں 20 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ اس سال کے شروع میں، امریکی مراکز برائے انضباطِ امراض (CDC) نے اپنا نوجوانوں میں خطرناک رویئے کا سروے جاری کیا، جس میں سنہ 2011 اور 2021 کے درمیان سکول جانے والے نوجوانوں میں - خاص طور پر نوعمر لڑکیوں میں دماغی صحت کے خطرناک رجحانات پائے گئے۔ تقریباً ایک تہائی نوعمر لڑکیوں نے سنہ 2021 میں خودکشی کی کوشش کرنے پر سنجیدگی سے غور کیا، جو گزشتہ دہائی کے مقابلے میں 19 فیصد اضافہ ہے؛ اور سنہ 2021 میں پانچ میں سے تین نے مسلسل اداسی یا ناامیدی کی اطلاع دی، جو کہ سنہ 2011 میں ریکارڈ کی گئی شرح کے مقابلے میں تقریباً 60 فیصد اضافے کی نمائندگی کرتا ہے۔ امریکی سرجن جنرل نے حال ہی میں "سوشل میڈیا اور نوجوانوں کی دماغی صحت" پر ایک رپورٹ جاری کی ہے، جس میں بچوں اور نوعمروں پر سوشل میڈیا کے اثرات کا براہِ راست جائزہ لیا گیا ہے، کیونکہ ان کا تعلق دماغی صحت اور تندرستی سے ہے۔

دماغی صحت کے دفتر کی کمشنر ڈاکٹر Ann Sullivan نے کہا، "نوجوانوں کی دماغی صحت پر آج کی سمٹ ایک بار پھر گورنر Hochul کے نیو یارک کے تمام نوجوان لوگوں کی فلاح و بہبود کے عزم کا اظہار ہے۔ ریاست کے دماغی صحت کے نظام میں ان کی تاریخی سرمایہ کاری، اور خاص طور پر نوجوانوں کے خدشات اور ضروریات پر ان کی توجہ، ہزاروں بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کی دماغی صحت اور تندرستی کو ڈرامائی طور پر بہتر بنائے گی"۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے خدماتِ اطفال و کنبہ جات کی قائم مقام کمشنر Suzanne Miles-Gustave نے کہا، "آج کی سمٹ کے لیے سرکردہ ماہرین اور معالجین کو جمع کرنا بدنامی کے اس داغ کو دھونے میں مدد کرتا ہے جس سے ہمارے نوجوان اپنی دماغی صحت کے مشکلات کے متعلق یہ جانتے ہوئے نبردآزما ہیں کہ ریاست ان کے سہارے کا حتمی نظام بننے کے لیے پُرعزم ہے۔ ہم گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے نوجوانوں کی آوازوں کو صحیح معنوں میں سننے کے لیے اس کوشش کی قیادت کی، جس میں ہم اس بحران کا مقابلہ کرنے اور جامع حل تیار کرنے میں معنی خیز تبدیلی لانے کی ان کی طاقت کو تسلیم کرتے ہیں"۔

دی جیڈ فاؤنڈیشن (The Jed Foundation, JED) کی صدر اور چیف آپریٹنگ آفیسر Rebecca Benghiat نے کہا، "جیسے کہ گورنر Hochul نے اپنے ابتدائی بیان میں کہا، دماغی صحت کے بڑھتے ہوئے خدشات سے نمٹنے کے لیے کوئی صحیح حل نہیں ہے - لیکن، ہمیں اب کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔ JED میں ہماری ٹیم کی جانب سے، ہم نوجوانوں کی دماغی صحت کو ترجیح دینے کے لیے ایک انتہائی ضروری قدم کے طور پر آج کی نوجوانوں کی دماغی صحت کی افتتاحی سمٹ کے لیے گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ ریاست بھر میں، JED اپنے پروگراموں کے ذریعے ہائی سکول اور کالج کے 463,000 طلباء و طالبات کی جذباتی صحت کی حفاظت اور خودکشی کو روکنے میں مدد کرتی ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ شراکت داری اور تعاون کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور ہم لڑکے لڑکیوں اور نوجوان بالغوں کے لیے پائیدار — اور مؤثر — حفاظتی جال کی تخلیق کی معاونت کرنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ کھڑے ہیں"۔

بورن دِس وے (Born This Way) فاؤنڈیشن کی صدر اور شریک بانی، Cynthia Germanotta نے کہا، "ہم سب پر لازم ہے کہ آن لائن اور ذاتی طور پر محفوظ اور معاون گروہ بنانے کے لیے، نوجوانوں کے ساتھ مل کر کام کریں۔ نوجوان ایک دوسرے کا ساتھ دینا چاہتے ہیں اور ایک روشن مستقبل کی راہ پر گامزن ہیں، ہمیں صرف انہیں وہ مدد فراہم کرنے کی ضرورت ہے جو انہیں اس کام کو محفوظ طریقے سے کرنے کے لیے چاہیے۔ Born This Way فاؤنڈیشن کو آج کی سمٹ کا حصہ بننے کا اعزاز حاصل ہے، جس نے نوجوانوں کے تجربات کو بہتر بنانے، انہیں وہ اوزار اور وسائل فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے جو انہیں محفوظ رکھنے، اور ایک مہربان اور بہادر دنیا تخلیق کرنے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ضروری ہیں"۔

امریکن اکیڈمی آف چائلڈ اینڈ ایڈولیسنٹ سائیکاٹری کے صدر ڈاکٹر Warren Ng نے کہا، "گورنر Hochul کی نوجوانوں کی دماغی صحت کی سمٹ ہمارے بچوں کی دماغی صحت کے بحران کا اعتراف ہے۔ یہ ہماری افرادی قوت کو وسعت دینے اور متنوع بنانے کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنے کے لیے ہماری قومی کوششوں کو بڑھاتی ہے، خصوصاً کم خدمات یافتہ اور اقلیتی گروہوں اور علاقوں میں رسائی میں اضافہ۔ گورنر Hochul جرات مندانہ اقدامات پر زور دے رہی ہیں، جن کا مقصد اب تمام بچوں، خاندانوں اور گروہوں کی مدد کے لیے کایاپلٹ تبدیلیاں لانا ہے"۔

امریکن سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن کے چیف سائنس آفیسر ڈاکٹر Mitch Prinstein نے کہا، "نوجوانوں کی دماغی صحت کے بحران کے پیشِ نظر، ریاست نیو یارک اور گورنر Hochul نوجوانوں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے ایک پُرجوش ایجنڈے کے ساتھ قوم کی قیادت کر رہے ہیں۔ آج کا دن اس بابت سنجیدہ بات چیت کرنے میں ایک اہم قدم کی نمائندگی کرتا ہے کہ یہ لاکھوں نوجوانوں کو اپنے بچپن سے لطف اندوز ہونے اور دوبارہ اپنے مستقبل کے منتظر رہنے میں مدد فراہم کرے گا"۔

گورنر کے مالی سال 2024 کے بجٹ میں **$1 بلین کا ایک کثیر سالہ دماغی صحت کا منصوبہ** شامل ہے جو نوجوانوں اور خاندانوں کی دیکھ بھال میں سرمایہ کاری کرتا ہے، بشمول درج ذیل:

- سکولوں کے اندر دماغی صحت کی خدمات کو بڑھانے کے لیے $30 ملین
- زیادہ خطرے والے نوجوانوں میں خودکشی کی روک تھام کے پروگرام کو مضبوط کرنے کے لیے $10 ملین
- کھانے کی خرابی میں مبتلا افراد کے علاج کو تقویت دینے کے لیے $3.1 ملین
- ایسے پروگراموں جو ابتدائی بچپن کی نشوونما کو فروغ دیتے ہیں اور بچوں اور لڑکے لڑکیوں کے لیے گھر کے اندر بحرانی مداخلتی علاج کرتے ہیں، کے لیے $12 ملین

نوجوانوں کی دماغی صحت پر ریاست نیو یارک کی سمٹ کے متعلق مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔ نوجوانوں کی دماغی صحت کے بارے میں گورنر Hochul کے کام کے بارے میں مزید معلومات یہاں مل سکتی ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں